Daily NEWS Lahore

08 OCT 2019

Page 15 Column 2

# LGH doctors

Our correspondent
LAHORE

LAHORE General Hospital (LGH) Principal Prof Dr Alfareed Zafar has said the third group of 20 doctors has left for Rawalpindi.

On this occasion on Monday, Prof Alfareed Zafar said the group of doctors comprising medicine and paediatric experts would provide health facilities and medical cover to the citizens there. He said it was the prime responsibility of every person in the medical field to flourish the message of healthy principles so that dengue mosquito could be defeated. He appealed to the masses to get guidance on dengue issue from the website of Lahore General Hospital www.lgh.punjab.gov.pk.

Scanned by CamScanner

روزنامہ آواز لاہور
08 OCT 2019
Page 9 Column 8-7

# ڈاکٹرز کی 20 رکنی ٹیم ڈینگی مریضوں کے علاج کیلئے راولپنڈی روانہ

## شہری ڈینگی سے بچاؤ کیلئے جنرل ہسپتال کی آفیشل ویب سائٹ سے رہنمائی لیں، ڈاکٹر محمد الفرید

لاہور (خاتون رپورٹر) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا لاہور جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ راولپنڈی روانہ ہوگیا ہے جس میں میڈیسن اور بچوں کے ماہرین شامل ہیں جو ڈینگی وائرس سے متاثرہ شہریوں کا علاج معالجہ کریں گے۔ سوموار کے روز ایل جی ایچ سے ڈاکٹروں کی 20 رکنی ٹیم کی راولپنڈی روانگی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ طب سے وابستہ افراد حفظان صحت کے اصولوں کا پیغام عام کر کے ڈینگی کے راستے کی دیوار بن جائیں معاشرے میں صفائی ستھرائی کا خیال رکھے بغیر ڈینگی مچھر کو شکست نہیں دی جا سکتی۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ڈینگی سے بچاؤ اور حفاظتی تدابیر کیلئے لاہور جنرل ہسپتال کی آفیشل ویب سائٹ www.lgh.punjab.gov.pk سے رہنمائی حاصل کریں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا پنجاب حکومت کے احکامات کی روشنی میں ایل جی ایچ کے ڈاکٹرز اور نرسیں راولپنڈی میں ڈینگی بخار کے مریضوں کو طبی سہولیات بہم پہنچا رہے ہیں۔

Scanned by CamScanner

روزنامہ ایکسپریس لاہور

08 OCT 2019

Page: 9 Column: 3

# جنرل ہسپتال سے 20 ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ ڈینگی مریضوں کے علاج کیلئے راولپنڈی چلا گیا

لاہور (نامہ نگار خصوصی) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا لاہور جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ راولپنڈی روانہ ہوگیا ہے جس میں میڈیسن اور بچوں کے ماہرین شامل ہیں جو ڈینگی وائرس سے متاثرہ شہریوں کا علاج معالجہ کریں گے۔ سوموار کے روز ایل جی ایچ سے ڈاکٹروں کی 20 رکنی ٹیم کی راولپنڈی روانگی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ طب سے وابستہ افراد حفظان صحت کے اصولوں کا پیغام عام کر کے ڈینگی کے راستے کی دیوار بن جائیں معاشرے میں صفائی ستھرائی کا خیال رکھے بغیر ڈینگی مچھر کو شکست نہیں دی جا سکتی۔

Scanned by CamScanner

روزنامہ نوائے وقت (2)9 اکتوبر 2019ء

# جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کا گروپ ڈینگی مریضوں کے علاج کیلئے راولپنڈی روانہ

لاہور(نیوز رپورٹر) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا ہے کہ ڈینگی کے مریضوں کا علاج کرنے کیلئے لاہور جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ راولپنڈی روانہ ہو گیا ہے۔ٹیم کی راولپنڈی روانگی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ طب سے وابستہ افراد حفظان صحت کے اصولوں کا پیغام عام کر کے ڈینگی کے راستے کی دیوار بن جائیں۔انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ڈینگی سے بچاؤ اور حفاظتی تدابیر کے لیے لاہور جنرل ہسپتال کی آفیشل ویب سائٹ www.lgh.punjab.gov.pk سے رہنمائی حاصل کریں۔

Scanned by CamScanner

روزنامہ نئی بات لاہور

08 OCT 2019

Page: 8 Column: 3

# ڈینگی: جنرل ہسپتال سے مزید 20 ڈاکٹر راولپنڈی پہنچ گئے

لاہور (این این آئی) پرنسپل پوسٹ گریجوایٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا لاہور جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ راولپنڈی پہنچ گیا ہے جس (صفحہ 5 پر بقیہ نمبر 8)

| نئی بات | ڈاکٹر | 8 |
|---|---|---|

میں میڈیسن اور بچوں کے ماہرین شامل ہیں جو ڈینگی وائرس سے متاثرہ شہریوں کا علاج معالجہ کریں گے۔ ایل جی ایچ سے ڈاکٹروں کی 20 رکنی ٹیم کی راولپنڈی روانگی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر الفرید ظفر نے کہا طب سے وابستہ افراد حفظان صحت کے اصولوں کا پیغام عام کر کے ڈینگی کے راستے کی دیوار بن جائیں معاشرے میں صفائی ستھرائی کا خیال رکھے بغیر ڈینگی مچھر کو شکست نہیں دی جا سکتی۔

Scanned by CamScanner

روزنامہ پاکستان لاہور

08 OCT 2019

Page: 2 Column: 1-2

# جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ ڈینگی مشن پر پنڈی روانہ

## طب سے وابستہ افراد حفظان صحت کے اصولوں کا پیغام عام کر کے ڈینگی کے راستے کی دیوار بن جائیں

لاہور (جنرل رپورٹر) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ راولپنڈی روانہ ہو گیا ہے جس میں میڈیسن اور بچوں کے ماہرین شامل ہیں جو ڈینگی وائرس سے متاثرہ شہریوں کا علاج معالجہ کریں گے۔ گزشتہ روز ایل جی ایچ سے ڈاکٹروں کی 20 رکنی ٹیم کی راولپنڈی روانگی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ طب سے وابستہ افراد حفظان صحت کے اصولوں کا پیغام عام کر کے ڈینگی کے راستے کی دیوار بن جائیں معاشرے میں صفائی ستھرائی کا خیال رکھے بغیر ڈینگی مچھر کو شکست نہیں دی جا سکتی۔

Scanned by CamScanner

روزنامہ اوصاف لاہور
08 OCT 2019
Page: 5 Column: 4-5

# طب سے وابستہ افراد ڈینگی کے راستے کی دیوار بن جائیں: پروفیسر محمد الفرید ظفر

## جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ ڈینگی سے متاثرہ افراد کے علاج کیلئے راولپنڈی روانہ ہوگیا

لاہور (نامہ نگار خصوصی) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا لاہور جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ راولپنڈی روانہ ہوگیا ہے جس میں میڈیسن اور بچوں کے ماہرین شامل ہیں جو ڈینگی وائرس سے متاثرہ شہریوں کا علاج معالجہ کریں گے۔ سوموار کے روز ایل جی ایچ سے ڈاکٹروں کی 20 رکنی ٹیم کی راولپنڈی روانگی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ طب سے وابستہ افراد حفظان صحت کے اصولوں کا پیغام عام کر کے ڈینگی کے راستے کی دیوار بن جائیں معاشرے میں صفائی ستھرائی کا خیال رکھے بغیر ڈینگی مچھر کو شکست نہیں دی جا سکتی۔ پنجاب حکومت کے احکامات کی روشنی میں ایل جی ایچ کے ڈاکٹرز اور نرسیں راولپنڈی میں ڈینگی بخار کے مریضوں کو طبی سہولیات بہم پہنچا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ کے ہیلتھ ایجوکیشن پروگرام کے تحت صوبے کے سرکاری ہسپتالوں کے ڈاکٹروں کو ڈینگی مینجمنٹ کی تربیت دے چکے ہیں اور ڈینگی کی روک تھام کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

Scanned by CamScanner

روزنامہ
جہان پاکستان
لاہور

08 OCT 2019

Page: 2 Column 4-5

# جنرل ہسپتال کے ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ راولپنڈی پہنچ گیا

## ڈینگی وائرس سے متاثرہ شہریوں کا علاج معالجہ کریں گے: ڈاکٹر الفرید ظفر

لاہور (ہیلتھ رپورٹر) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ لاہور جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ راولپنڈی پہنچ گیا۔ جس میں میڈیسن اور بچوں کے ماہرین شامل ہیں جو ڈینگی وائرس سے متاثرہ شہریوں کا علاج معالجہ کریں گے۔ گزشتہ روز ایل جی ایچ سے ڈاکٹروں کی 20 رکنی ٹیم کی راولپنڈی روانگی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ طب سے وابستہ افراد حفظان صحت کے اصولوں کا پیغام عام کر کے ڈینگی کے راستے کی دیوار بن جائیں۔ معاشرے میں صفائی ستھرائی کا خیال رکھے بغیر ڈینگی مچھر کو شکست نہیں دی جاسکتی۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ڈینگی سے بچاؤ اور حفاظتی تدابیر کے لیے لاہور جنرل ہسپتال کی آفیشل ویب سائٹ www.lgh.punjab.gov.pk سے رہنمائی حاصل کریں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا پنجاب حکومت کے احکامات کی روشنی میں ایل جی ایچ کے ڈاکٹرز اور نرسیں راولپنڈی میں ڈینگی بخار کے مریضوں کو طبی سہولیات بہم پہنچا رہے ہیں۔

Scanned by CamScanner

روزنامہ خبریں لاہور

08 OCT 2019

Page: 2 Column

# ڈینگی وائرس، جنرل ہسپتال سے ڈاکٹرز کا تیسرا گروپ راولپنڈی روانہ

## میڈیسن اور بچوں کے ماہرین شامل ہیں جو متاثرہ شہریوں کا علاج معالجہ کریں گے، پروفیسر الفرید ظفر

لاہور (جنرل رپورٹر) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا ہے کہ جنرل ہسپتال سے ڈاکٹرز کا تیسرا گروپ راولپنڈی روانہ ہوگیا ہے جس میں میڈیسن اور بچوں کے ماہرین شامل ہیں جو ڈینگی وائرس سے متاثرہ

باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6

بقیہ نمبر 6 // الفرید ظفر

شہریوں کا علاج معالجہ کریں گے گزشتہ روز ایل جی ایچ سے ڈاکٹرز کی 20 رکنی ٹیم کی راولپنڈی روانگی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ طب سے وابستہ افراد حفظان صحت کے اصولوں کا پیغام عام کر کے ڈینگی کے راستے کی دیوار بن جائیں معاشرے میں صفائی ستھرائی کا خیال رکھے بغیر ڈینگی مچھر کو شکست نہیں دی جاسکتی، پرنسپل پی جی ایم آئی نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ڈینگی سے بچاؤ اور حفاظتی تدابیر کیلئے جنرل ہسپتال کی آفیشل ویب سائٹ www.lgh.punjab.gov.pk سے رہنمائی حاصل کریں، پروفیسر الفرید ظفر نے کہا پنجاب حکومت کے احکامات کی روشنی میں ایل جی ایچ کے ڈاکٹرز اور نرسیں راولپنڈی میں ڈینگی بخار کے مریضوں کو طبی سہولیات بہم پہنچا رہے ہیں۔

Scanned by CamScanner

روزنامہ نئی بات لاہور

08 OCT 2019

Page: 2

## جنرل ہسپتال کے ڈاکٹرز ڈینگی مریضوں کے علاج کیلئے راولپنڈی روانہ

لاہور (نئی بات نیوز) پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر سردار الفرید ظفر نے بتایا ہے کہ جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ راولپنڈی روانہ ہوگیا ہے جس میں میڈیسن اور بچوں کے ماہرین شامل ہیں جو ڈینگی وائرس سے متاثرہ شہریوں کا علاج معالجہ کرینگے۔

Scanned by CamScanner

روزنامہ جنگ لاہور
08 OCT 2019
Page 2 Column 4

## جنرل ہسپتال سے 20 رکنی ڈاکٹروں کی ٹیم راولپنڈی روانہ

لاہور(جنرل رپورٹر) جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کا تیسرا 20 رکنی گروپ راولپنڈی روانہ ہو گیا ہے جس میں میڈیسن اور بچوں کے ماہرین شامل ہیں جو ڈینگی وائرس سے متاثرہ شہریوں کا علاج معالجہ کریں گے۔

Scanned by CamScanner

روزنامہ [illegible] [illegible]
لاہور

0 8 OCT 2019

Page...2...Column...5...

## ڈینگی علاج، مزید ڈاکٹر راولپنڈی روانہ

لاہور (اپنے سٹاف رپورٹر سے) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا کہ لاہور جنرل ہسپتال سے ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ راولپنڈی روانہ ہو گیا ہے جس میں میڈیسن اور بچوں کے ماہرین شامل ہیں۔

Scanned by CamScanner

روزنامہ [illegible] لاہور
08 OCT 2019
Page: 12 Column 4-6

# ڈینگی کے وار جاری، لاہور میں مریضوں کی تعداد 191 ہو گئی

صوبہ بھر میں 24 گھنٹے کے دوران 191 نئے مریض سامنے آ گئے، 3 انتہائی نگہداشت میں، باقیوں کی حالت خطرے سے باہر

2148 مقامات سے ڈینگی لاروا تلف، 71 مقامات سے لاروا ملنے پر مقدمات درج، 27 افراد گرفتار، ڈاکٹروں کا وفد راولپنڈی روانہ

کینال روڈ (بسام سلطان، عثمان علیم، قیصر کھوکھر) حکومت کی ڈینگی کنٹرول کرنے کی تمام تدبیریں ناکام، 24 گھنٹے کے دوران مزید 3 لاہوریوں میں وائرس کا انکشاف ہوا۔ جس کے ڈینگی کے مریضوں کی کل تعداد 191 ہو گئی۔ دوسری جانب 2 ہزار 148 مقامات سے (باقی صفحہ 12 بقیہ 22)

بقیہ 22 ڈینگی

ڈینگی لاروا تلف کیا گیا۔ 71 کمرشل مقامات سے لاروا ملنے پر مقدمات درج کر کے 27 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ صوبہ بھر میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران صوبے بھر میں 191 نئے مریض سامنے آئے۔ پنجاب کے تمام ہسپتالوں میں ڈینگی کے کل 591 کنفرم مریض زیر علاج ہیں۔ 77 مریض ڈسچارج ہوئے۔ اس وقت صوبہ بھر میں زیر علاج مریضوں میں سے تین انتہائی نگہداشت میں جبکہ باقی کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ محکمہ صحت کی جانب سے ڈینگی لاروا کو تلف کرنے اور افزائش روکنے کے لیے کارروائیاں بھی جاری ہیں۔ صوبہ بھر میں 1 1 لاکھ 9 ہزار 2 5 3 ان ڈور اور 3 3 ہزار 8 1 4 آؤٹ ڈور مقامات کو چیک کیا جبکہ 1628 مقامات سے لاروا تلف کیا گیا۔ ڈینگی لاروا کی موجودگی اور غفلت برتنے پر 71 کمرشل مقامات کے خلاف مقدمات درج جبکہ 27 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ 1135 افراد کو وارننگ جاری ہوئی اور 31 مقامات کو سیل کیا گیا۔ ڈینگی پر قابو پانے کے لیے ڈاکٹرز، نرسز اور فیلڈ سٹاف کی ہنگامی بنیادوں پر بھرتیاں بھی کی جا رہی ہیں۔ جنرل ہسپتال سے 20 ڈاکٹرز کا تیسرا گروپ ڈینگی مریضوں کے علاج کیلئے راولپنڈی روانہ ہو گیا۔ پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ ڈینگی کے خاتمے تک ٹیمیں راولپنڈی میں خدمات فراہم کرتی رہیں گی۔ گروپ میں میڈیسن اور بچوں کے ماہرین شامل ہیں،، جو ڈینگی وائرس سے متاثرہ شہریوں کا علاج کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ طب سے وابستہ افراد حفظان صحت کے اصولوں کا پیغام عام کر کے ڈینگی کے راستے کی دیوار بن جائیں۔ صفائی ستھرائی کا خیال رکھے بغیر ڈینگی کو شکست نہیں دی جا سکتی۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ ڈینگی سے بچاؤ اور حفاظتی تدابیر کے لیے لاہور جنرل ہسپتال کی آفیشل ویب سائٹ سے رہنمائی حاصل کریں۔

Scanned by CamScanner

روزنامہ 92 نیوز لاہور

08 OCT 2019

F 41.6

# ڈینگی نے خطرناک صورت اختیار کر لی، مزید 4 مریض جان کی بازی ہار گئے

اسلام آباد میں 19 سالہ وسیم، راولپنڈی میں 25 سالہ ریاض اور 37 سالہ شہزاد، کراچی میں 25 سالہ نوجوان نے دوران علاج دم توڑا

**24 گھنٹوں میں پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ اور بلوچستان میں ڈینگی سے متاثرہ مزید سینکڑوں مریض سامنے آگئے، لاہور میں 3 نئے کیس**

لاہور، اسلام آباد، ملتان، کوٹلی لوہاراں، رحیم یار خان، کراچی، پشاور (جنرل رپورٹر، خبر نگار خصوصی، 92 نیوز، رپورٹ: سپیشل رپورٹر، نمائندہ 92 نیوز، نیوز رپورٹر) ملک بھر میں ڈینگی وائرس نے خطرناک صورت اختیار کرلی، جس کے نتیجے میں ... ڈینگی کے وار مزید 4 مریض (باقی صفحہ 4 نمبر 11)



جان کی بازی ہار گئے۔ ڈینگی کا وار کراچی کے علاقہ ... پر کارہائشی 25 سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ اسلام آباد میں 19 سالہ وسیم رحمت مسیح اور راولپنڈی میں 25 سالہ ریاض اور 37 سالہ شہزاد دوران علاج دم توڑ گئے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ اور بلوچستان میں ڈینگی سے متاثرہ مزید سینکڑوں مریض سامنے آئے ہیں، پنجاب میں ڈینگی بخار کے مزید 191 کیس سامنے آئے جس کے بعد مجموعی تعداد 5077 ہوگئی، راولپنڈی میں 152، لاہور اور فیصل آباد میں تین، تین، چکوال اور اٹک میں چار چار افراد میں ڈینگی وائرس کی تصدیق ہوئی جبکہ ملتان سے 3، میانوالی سے 2، خانیوال سے 1، مظفرگڑھ سے 2 اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سے 1 کیس رپورٹ ہوا۔ گزشتہ روز پنجاب بھر سے ڈینگی لاروا کی موجودگی اور غفلت برتنے پر 71 کمرشل مقامات کیخلاف مقدمات درج جبکہ 27 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ 1135 کو وارننگ جاری کی گئی۔ خیبر پختونخوا میں بھی ڈینگی کے مزید 87 کیس رپورٹ ہوئے، صوبہ میں ڈینگی سے متاثرہ افراد کی تعداد 5 ہزار 522 ہو گئی، صرف پشاور میں ڈینگی سے متاثرہ مریضوں کی تعداد 2080 ہو گئی۔ کراچی سمیت سندھ میں بھی ڈینگی کے درجنوں نئے کیس سامنے آگئے۔ ملک بھر میں ڈینگی کی وبا کے باعث ہسپتالوں میں جگہ کم پڑنے لگی۔ رحیم یار خان میں مزید 4 افراد ڈینگی بخار میں مبتلا ہو گئے۔ کوٹلی لوہاراں میں بھی ڈینگی کا ایک کیس سامنے آگیا۔ نشتر ہسپتال ملتان کے آئسولیشن وارڈ میں ڈینگی کے شبہ میں 2 نئے مریض منتقل کردیے گئے۔ اسلام آباد میں وزارت صحت کے حکام اور ہسپتالوں کی انتظامیہ کی ڈینگی سے نمٹنے کی تمام تر تدابیر فیل ہو گئی ہیں۔ دوسری جانب پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے بتایا لاہور جنرل ہسپتال سے 20 ڈاکٹروں کا تیسرا گروپ راولپنڈی چلا گیا جس میں میڈیسن اور بچوں کے ماہرین شامل ہیں جو ڈینگی وائرس سے متاثرہ شہریوں کا علاج معالجہ کریں گے۔

Scanned by CamScanner